تھے مگر درحقیقت وہ نورِ ایمان اور اعتقادِ جازم سے محروم تھے۔ اس بنا پر منافق کی دو قسمیں منافق اعتقادی اور منافق عملی بیان کرنا اور پھر منافق عملی کے لئے وہی احکام ثابت کرنا جو منافق اعتقادی کے لئے ہیں مذہب خوارج کے مطابق ہو تو ہو۔ اہلِ سنت والجماعت کے موافق ہرگز نہیں ہے نفاق کی تعریف اور اس کی قسموں کا دامن بہرحال اتنا وسیع تو نہیں ہونا چاہئے کہ مغفرت و بخشش خداوندی کا دامن تنگ ہو جائے۔ حالانکہ اس کی بندہ نوازیوں اور بے پناہ کرم پاشیوں کا عالم تو یہ ہے کہ

رحمتِ حق بہانہ می جوید رحمتِ حق بہا نمی جوید

رازِ حیات از جناب لطافت علی صاحب ہما للت پوری۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۷۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ:۔ (۱) سرشار صاحب کسمنڈوی۔ ادارالاشاعت تعمیرادب حیدر گنج لکھنؤ (۲) کتب خانہ اشرفیہ متصل مولوی مسافرخانہ بندر روڈ۔ کراچی

جناب ہما شاعر ہونے کے ساتھ مذہبی اور اصلاحی جذبہ بھی رکھتے ہیں اور غالباً حضرت مولانا تھانوی کے سلسلہ بیعت سے وابستہ بھی ہیں اس لئے انھوں نے اپنی شاعری سے وعظ و نصیحت پند و تذکیر کا کام لیا ہے اس مجموعہ میں موصوف کی جتنی نظمیں اور غزلیں شامل ہیں ان میں سے اکثر و بیشتر یہی رنگ ظاہر ہے۔ تاہم بحیثیت شاعر کے ان کے کلام میں روانی، سلاست، درد و گداز اور سوز و اثر وہ تمام اوصاف موجود ہیں جو ایک اچھے شاعر کے کلام میں ہونے چاہئیں، اس لئے اس مجموعہ کا مطالعہ ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

پیارے رسول از جناب افضل حسین صاحب ام۔اے۔ال۔ٹی تقطیع متوسط ضخامت ۸۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۵ پتہ:۔ مکتبہ جماعت اسلامی مہذ رام پور۔

جماعت اسلامی بچوں کے لئے جو نصاب تیار کر رہی ہے یہ رسالہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں بچوں کی عام فہم اور سلیس زبان میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض ابتدائی واقعات اور آپ کے اخلاقی کمالات بچوں کی استعداد ذہنی کے مطابق بیان کئے گئے ہیں رسالہ اپنے مقصد میں کامیاب ہے عام اسلامی مدارس و مکاتب بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔